(۱۳) خالص پانی مین آکسیجن اور ہیڈروجن کو وہ نسبت ہو جو ۸۸۷۹ کو ۱۱۱۱ سے ہو تو بتاؤ کہ ایک من پانی مین ہر ایک چیز کسقدر ہوگی۔

(۱۴) ایک گھنٹے کا وزن دو من ہو تو اسمین کسقدر ٹین اور تانبا ہوگا جبکہ دونون ۳ و ۱ کی نسبت سے ہو۔

(۱۵) ۱۸۷ نارنگیان تین لڑکون کے پاس اسطرح سے ہین کہ تیسرے کے پاس دوسرے کی تہائی ہین اور دوسرے کے پاس پہلے سے دوچند ہین تو بتاؤ ہر ایک کے پاس کسقدر ہین۔

(۱۶) ۲۸۰۰ روپیہ کو ایسے حصّون مین تقسیم کرو کہ جنمین ایسی نسبت ہو جیسی کہ ۱ سے ۴ تک کے مکعب مین نسبت ہی۔

(۱۷) زید اور بکر کے پاس ۹۰ ہین زید کا حصہ ۱۳ بکر کا ہی تو بتاؤ کہ ہر ایک کے پاس کسقدر ہی

(۱۸) اشرفی مین ۲۲ حصہ طلاے خالص اور ۲ حصہ غیر خالص ہو تو ۱۲۰ اشرفیون مین کتنا خالص سونا ہوگا جبکہ اشرفی کا وزن ایک تولہ ہو۔

(۱۹) عمر کی عمر ۲۳ ہی بکر کی عمر سے اور زید کی عمر ۳۴ ہی اول کی عمر سے اور انکی عمرون کا مجموعہ ۶۵ سال ہو تو ہر ایک کی عمر کیا ہی۔

(۲۰) ۳۰۰۰ روپیہ تین آدمیون کو اسطرح سے تقسیم کرو کہ اول دوسرے سے دوچند پاوے اور تیسرا شخص ان دونون سے دوچند پاوے۔

اور اگر اربعہ تناسب کے ذریعہ سے اِس قاعدہ کو سمجھنا چاہو تو عمل حسب ذیل ہوگا۔

۵ : ۲ :: ۷۵۰ : $\frac{۱۵۰۰}{۵}$ = ۳۰۰

حصص نسبتی یعنی جواب

۵ : ۳ :: ۷۵۰ : $\frac{۲۲۵۰}{۵}$ = ۴۵۰

سوالات نمبر ۳۴

(۱) ۱۴۴۰ کو ایسے حصّون مین تقسیم کرو جنین نسبت ۳ و ۷ و ۱۴ کی ہو۔

(۲) ۳۱۹۵ کے ایسے حصّے کرو کہ جنین ۳ و ۵ و ۷ کی نسبت ہو اور نیز ایسے حصون مین بھی تقسیم کرو جنین نسبت $\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۱}{۳}$ و $\frac{۱}{۴}$ کی ہو۔

(۳) ۱۰۵ کو ایسے دو حصّون مین تقسیم کرو کہ جنین نسبت ۲ و ۳ کی ہو۔

(۴) ۳۵۱ کے ایسے تین حصّے کرو کہ جنین $\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۱}{۳}$ و $\frac{۱}{۴}$ کی نسبت ہو۔

(۵) ۲۴۵ کو (ا) (ب) (ج) مین اسطور پر تقسیم کرو کہ (ا) کو (ب) سے دوچند اور (ب) کو (ج) سے دوچند ملے۔

(۶) ۱۶۵۰ روپیہ زید و عمر و بکر کے درمیان مین اسطرح سے تقسیم کیے جاوین کہ زید کو عمر سے دوگنا ملے اور عمر کو بکر سے سہ چند ملے۔

(۷) زید و عمر و بکر نے حسب تفصیل ذیل سرمایہ سے تجارت شروع کی اول نے ۱۲۸۰ روپیہ لگایا اور دوسرے نے ۱۷۶۰ روپیہ لگایا اور تیسرے نے ۲۰۲۴۰ لگایا اور اس سوداگری مین کُل نفع ۲۷۹۰ روپیہ ہوا تو بتاؤ کہ ہر ایک کو کتنا کتنا ملنا چاہیے۔

(۸) تین عدد ایسے ہین جنین نسبت ۵ و ۷ و ۱۱ کی ہے اول ۲ کا مجموعہ ۱۲۰ ہے تو بتاؤ وہ کون کون عدد ہین۔

(۹) ۱۵۳۰ روپیہ کو پانچ آدمیون مین ایسی نسبت سے تقسیم کرو کہ جنین نسبت $\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۱}{۳}$ و $\frac{۱}{۴}$ و $\frac{۱}{۵}$ و $\frac{۱}{۶}$ کی ہو۔

(۱۰) ۲۵۴ روپیہ مین زید و عمر و بکر کا اسطرح پر حصہ ہے اول کو دوسرے سے

تقسیم بموجب حصص نسبتی

بعض مرتبہ کسی عدد مفروض کو اسطور پر تقسیم کرنا ہوتا ہی کہ اُسکے حصّے جو تقسیم مذکور سے حاصل ہون آپس مین وہ نسبت رکھتے ہون جو دیگر اعداد مفروض مین ہو۔

مثلاً ۷۵۰ کو ایسے دو حصّون مین تقسیم کرنا مطلوب ہی جنمین دُو و تین کی نسبت ہو۔

پس اگر اعداد نسبتی دُو و تین کو جمع کیا جاوے اور حاصل جمع یعنی ۵ سے عدد مفروض مقسوم کو تقسیم کیا جاوے اور خارج قسمت کو علٰحدہ علٰحدہ اعداد نسبتی سے ضرب دیا جاوے تو یہ دونون حاصل ضرب عدد مفروض مقسوم کے وہ حصّے ہونگے جنمین نسبت مطلوبہ ہوگی۔

جیسے ۲+۳=۵ و ۷۵۰÷۵=۱۵۰ و

۱۵۰×۲=۳۰۰

۱۵۰×۳=۴۵۰

۷۵۰ حصص نسبتی مطلوبہ یعنی جواب

عمل مذکورۂ بالا سے قاعدۂ ذیل پیدا ہوا۔

قاعدہ

اعداد نسبتی کو جمع کرو اور بقدر تعداد اعداد نسبتی مذکور کسور عام بناؤ جنکے شمار کنندہ اعداد مسطورۂ بالا ہونگے اور نسب نما حاصل جمع اعداد مذکور۔

اور جب اِن کسور کو عدد مفروض مقسوم مین علٰحدہ علٰحدہ ضرب دوگے تو وہ حاصل ضرب جواب ہوگا۔

جیسے مثال مرقومۂ بالا مین۔

۷۵۰×$\frac{۲}{۵}$=$\frac{۱۵۰۰}{۵}$=۳۰۰

حصص نسبتی یعنی جواب

۷۵۰×$\frac{۳}{۵}$=$\frac{۲۲۵۰}{۵}$=۴۵۰

(۲۹) اگر ۱۱۸۲ روپیہ سے للہ ر سیکڑے والا اسٹاک بشرح ۹۸ ۳/۴ فیصدی اور دلالی ¼ فیصدی خریدا جاوے تو کسقدر سالانہ آمدنی ہو جاویگی۔

(۳۰) اگر ۳۲۲۸ روپیہ سے للہ ر سیکڑے والا اسٹاک بشرح ۱۰۰ ۳/۴ فیصدی اور دلالی ¼ فیصدی خریدا جاوے تو کسقدر سالانہ آمدنی ہو جاویگی۔

(۳۱) اگر ۲۵۰ روپیہ سال آمدنی پیدا کرنا چاہین تو للہ ر سیکڑے والے نوٹ بشرح ۱۰۱ ½ فیصدی کسقدر روپیہ سے مول لیوین۔

(۳۲) اگر ۳۱۵ روپیہ کی آمدنی سالانہ پیدا کرنا منظور ہو تو ۱۰۱ ½ سیکڑے والا اسٹاک بشرح ۱۸۱۸ فیصدی کسقدر روپیہ سے خرید کرین۔

(۳۳) اگر ۳۷۵ روپیہ سالانہ آمدنی ۴ سیکڑے والے نوٹون سے جو بشرح اکیسو آٹھ روپیہ فیصدی بکنے مین حاصل کرنا چاہین تو اُنکے خریدنے مین کسقدر روپیہ صرف کرین۔

(۳۴) ایک کمپنی نے اپنے حصون پر جنکی تعداد ہزار روپیہ فی حصہ ہی پانچ روپیہ فیصدی سالانہ منافع دینے کا ذمہ کر لیا ہی اور دوسری کمپنی نے اپنے حصون پر جنکی تعداد ۷۵ روپیہ فی حصہ ہی ۴ روپیہ فیصدی منافع دینے کا عہد کیا ہی پہلی کمپنی کے حصون کی قیمت ۱۲۴۶ روپیہ فی حصہ ہی اور دوسری کمپنی کے حصون کی قیمت ۸۵ روپیہ فی حصہ ہی تو بتاؤ کہ اِن دونون کمپنیون کے حصے خریدنے سے مشتری کو جو دو شرحون سے سود ملیگا اُن دونون شرحون مین باہم کیا نسبت ہوگی۔

(۳۵) ایک شخص نے ۲۵۹۳۵ روپیہ کے عوض چھ روپیہ فیصدی والے حصے ایک ایک بنک کی بشرح ۱۰۰ فیصدی خرید کیے اور پہلے سال کا کل منافع جو حاصل ہوا اُسکے روپیہ سے بھی اُسی بنک کے حصے بشرح ۱۰۰ فیصدی خرید لیے اور دوسرے سال کا کل نفع جو ملا اُس سے بھی اُسی بنک کے حصے بشرح ۱۰۰ فیصدی خرید لیے تو بتاؤ کہ تیسرے سال کی آمدنی کسقدر ہوگی۔

(۱۸) ایک شخص کے پاس کچھ روپیہ ہی اور اُسکو حساب سے معلوم ہوا کہ اگر مین اپنا روپیہ للہر سیکڑے والے نوٹون مین بشرح ۵ فیصدی لگاؤن تو مجکو ۱۵۰ روپیہ سال کی زیادہ آمدنی ہوگی بہ نسبت اِسکے کہ روپیہ مذکور کو للہر سیکڑے والے اسٹاک کے خریدنے مین بحساب ۴ فیصدی کے صرف کرون تو اُسکے پاس کسقدر روپیہ ہی۔

(۱۹) للہر سیکڑے والے ۶۸۰۰ کے نوٹ بشرح مساوی کتنے کو آوینگے۔

(۲۰) ۴۶۰۰ روپیہ کے نوٹ ۵ر سیکڑے والے بشرح ۴ فیصدی کسقدر روپیہ کو آوینگے۔

(۲۱) ۴۲۵۰ روپیہ کا اسٹاک للہر سیکڑے والا بشرح ۵ فیصدی کتنے کو آویگا۔

(۲۲) ۵۰۰۰ روپیہ کے نوٹ للہر سیکڑے والے بشرح ۹۵ ۷/۸ روپیہ فیصدی اور دلالی ۱/۸ فیصدی کتنے کو آوینگے۔

(۲۳) ۱۰۱۹۲ روپیہ کے بدلے للہر سیکڑے والے نوٹ بشرح ۱۰۱ فیصدی کسقدر تعداد کو آوینگے۔

(۲۴) ۸/۱ آنہ ۔ ۱۲ ۸/۱ روپیہ کے عوض مین پانچ روپیہ سیکڑے والے نوٹ بشرح ۱۵ فیصدی کتنے کے آوینگے۔

(۲۵) ۲۴۲۵ روپیہ کے بدلے للہر سیکڑے والے کاغذ بشرح ۹۶ ۱/۸ روپیہ فیصدی اور دلالی ۱/۸ فیصدی کتنے کے آوینگے۔

(۲۶) ۴۱۴۰ روپیہ کے عوض ۵ر سیکڑے والے نوٹ بشرح ۱۰۳ ۳/۸ روپیہ فیصدی اور دلالی ۱/۸ فیصدی کتنے کے آوینگے۔

(۲۷) اگر ۲۴۵۶ روپیہ سے للہر سیکڑے والا اسٹاک بشرح ۱۰۰ فیصدی خریدا جاوے تو کسقدر آمدنی سالانہ ہو جاویگی۔

(۲۸) اگر ۲۱۶۸ روپیہ سے للہر سیکڑے والے کاغذ بشرح ۹۰ فیصدی خریدین تو کسقدر سالانہ آمدنی ہوگی۔

بدلے کتنے کا اسٹاک آویگا۔

(۱۰) اگر ۲۵۰۰ روپیہ کے نوٹ للہ ر سیکڑے والے ۲۵۲۵ روپیہ کے خریدے جاوین تو اِس اسٹاک کی کیا قیمت ہوئی۔

(۱۱) ۳۲۰۰ روپیہ کے نوٹ للہ ر فیصدی والے بحساب ۹۷½ روپیہ فیصدی فروخت ہوتے ہین اور ½ فیصدی دلالی دینا پڑتی ہی تو اُنکے فروخت سے کیا ملیگا۔

(۱۲) ۶۴۰۲ روپیہ للہ ر سیکڑے والے نوٹون کے خریدنے مین بحساب ۹۷ روپیہ فیصدی خرچ کیے جاوین تو کسقدر سالانہ آمدنی ہمکو ہو جاویگی۔

(۱۳) للہ ر سیکڑے والے بحساب ۹۹ فیصدی بکتے ہین اور للہ ر سیکڑے والے نوٹ بحساب ماہے ر فیصدی بکتے ہین تو کن نوٹون کا خریدنا بہتر ہی۔

(۱۴) اگر ۳۲۴۰ روپیہ للہ ر سیکڑے والے اسٹاک کے خریدنے مین بحساب ۱۰۰ فیصدی خرچ کیا جاوے اور اُسیقدر روپیہ ۴ ر سیکڑے والے اسٹاک کے خریدنے مین بحساب ماہے ر فیصدی خرچ کیا جاوے تو دونون کی سالانہ آمدنی مین کیا فرق ہوگا۔

(۱۵) ایک شخص کے پاس ۴۴۰۰ روپیہ کے سرکاری نوٹ للہ ر سیکڑے والے تھے اُسنے اُنکو بحساب ۱۰۰ فیصدی کے حساب سے بیچڈالا اور زرِ قیمت سے ۴ ر سیکڑے والے نوٹ بحساب ماہے فیصدی مول لیے تو اب اُسکے پاس کتنے سکے نوٹ ہوئے

(۱۶) ایک شخص نے ۹۰۰۰ روپیہ کے نوٹ للہ ر سیکڑے والے ۱۰۰ فیصدی کے حساب سے خرید کیے اور جب اُنکا نرخ ماہ ر فیصدی ہوگیا تب اُنکو بیچ ڈالا تو بتاؤ اُسکو کیا نفع ہوا۔

(۱۷) للہ ر سیکڑے والے نوٹ بحساب ۱۰۰ فیصدی کسقدر روپیہ کے صرف سے خریدے جاوین تاکہ بحساب سود مفروشتاہی سود واجب الادا ہونے سے ساڑھے پانچ برس مین گیارہ ہزار روپیہ کل سود کے ہو جاوین۔

تو اِس خرید سے اُسکو اپنے زرِ خرید پر کس شرح سے سود ملیگا۔

۷۲۰ : ۱۰۰ :: ۳۵ : $\frac{۳۵ \times \frac{۵}{۱۰۰}}{۷۲۰} = \frac{۱۷۵}{۳۶} = ۴\frac{۳۱}{۳۶}$ جواب

سوالات مشق نمبر ۴۲

(۱) ۱۵۰۰۰ روپیہ کے ۴ سیکڑے والے نوٹ بحساب $۹۱\frac{۱}{۲}$ فیصدی خرید کیے تو بتاؤ کسقدر روپیہ دینا پڑا۔

(۲) ایک شخص نے ۴ سیکڑے والے اکیس ہزار روپیہ کے کاغذ $۹۶\frac{۱}{۲}$ فیصدی کے حساب سے بیچ ڈالے تو کسقدر قیمت حاصل ہوئی۔

(۳) اگر تین روپیہ سیکڑے والے نوٹ بحساب ۸۱ روپیہ فیصدی خرید کیے جاوین تو ۲۳۷۶۰ روپیہ اُنکی خرید مین صرف کرنے سے کسقدر سالانہ آمدنی ہمکو ہو جائیگی۔

(۴) کم سیکڑے کے سودی نوٹ بحساب فیصدی $۸۲\frac{۱}{۴}$ فروخت ہوتے ہین تو دس ہزار روپیہ کے کاغذ کی کیا قیمت ہوگی اور اگر بحساب $۸۶\frac{۱}{۴}$ روپیہ فیصدی اُسکو پھر فروخت کر ڈالین تو کیا نفع ہوگا۔

(۵) اگر ۴ سیکڑے والے نوٹ بحساب $۸۴\frac{۳}{۴}$ روپیہ فیصدی فروخت ہوتے ہین تو پندرہ ہزار روپیہ اُنکی خرید مین صرف کرنے سے ہمکو کیا آمدنی ہو جاویگی۔

(۶) ایک شخص نے چوراسی ہزار روپیہ ۴ سیکڑے والے کاغذ مین ۹۰ روپیہ فیصدی کے حساب سے لگا دیا تو بتاؤ اُسکو کیا آمدنی سالانہ پیدا ہوئی۔

(۷) جب ۴ فیصدی $۵\frac{۹}{۱۶}$ آنہ = ۱۳۸۳۳ روپیہ کے نوٹ ۱۲ ہزار ۴ سو ۵۰ روپیہ کو بکتے ہین تو فیصدی ان نوٹون کی کیا قیمت ہوگی۔

(۸) ۸۰۰۰ روپیہ کے کم سیکڑے والے سرکاری نوٹ بحساب ۹۷ روپیہ فیصدی خریدنے مین کسقدر روپیہ صرف ہوگا۔

(۹) ۵ سیکڑے والا اسٹاک اگر بحساب ۱۰۱ فیصدی خرید کیا جاوے تو ۴۵۹۰ روپیہ کے

$\frac{1}{4}$ روپیہ : ۲۱۰۰ :: ۹۹ ؍

$\frac{9}{4}$: ۲۱۰۰ :: $\frac{699}{8}$: $\frac{\cancel{175}}{\cancel{4}} \times \frac{\cancel{2100}}{1} \times \frac{699}{\cancel{8}_{2}} = \frac{175 \times 699}{3} = \frac{139825}{3}$

$= 46608$ روپیہ $\frac{2}{3}$ آنہ $5 - 46$

مثال ۴

ایک شخص نے ۵۸۰۰۰ کے نوٹ $\frac{1}{4}$ ۳ روپیہ سیکڑے والے ۹۹ روپیہ فیصدی کے حساب سے بیچ ڈالے اور اُنکے عوض مین ۳ روپیہ سیکڑے والے بحساب $\frac{5}{8}$ ۹۰ روپیہ فیصدی خرید کر لیے تو اُسکی آمدنی مین کیا فرق ہوگیا۔

آمدنی سابق $= \frac{\cancel{290}}{\cancel{4} \times 1} \times \frac{7 \times 58000}{\cancel{100}} = 2030$

اب ۱۰۰ : ۵۸۰۰۰ :: ۹۹ : $\frac{99 \times 58000}{100}$ $= 99 \times 580$

$= 57420$

۹۰ $\frac{5}{8}$: ۵۷۴۲۰ :: ۳

۳ :: ۵۷۴۲۰ : $\frac{725}{8}$

$\frac{8 \times 3 \times 57420}{725} = \frac{2756616}{145} = 19011\frac{116}{145}$ روپیہ

$\frac{116}{145}$: ۲۰۳۰ مفروق منہ
: ۱۹۰۰ مفروق

$\frac{39}{145}$ ۱۲۹ روپیہ آمدنی کم ہوئی۔

مثال ۵

ایک شخص نے کسی ریل کے ۷۲۰ روپیہ فی حصہ کے حساب سے کچھ حصے خریدے اور اصل مین حصہ کی تعداد ۵۰۰ روپیہ تھی اور اُسپر ۳ سیکڑا سالانہ منافع ملتا ہے

اور علیٰ ہذا القیاس ایک ہزار کا نوٹ ایک ہزار پچاس خواہ ایک ہزار چالیس کو آتا ہی۔
جب یہ نوٹ کسی دلّال یا بنک کی معرفت بیچے جاتے ہین تو اُسمین دلالی یا کمیشن فیصدی دیا جاتا ہی۔ اِس قسم کے نوٹ جو ولایت انگلستان مین جاری ہین اُنکو کانسل کہتے ہین۔

اسٹاک اور حصص کمپنیون کے سوالات سب اربعہ متناسبہ کے ذریعہ سے حل ہوسکتے ہین چنانچہ عمل اشارۂ ذیل سے واضح ہوگا۔

مثال ۱

اگر ۱۷۵۰۰ روپیہ کے سودی نوٹ ۳ ½ سیکڑے والے بحساب ۹۸ ¼ فیصدی خریدے جاوین تو اُنسے سالانہ آمدنی کسقدر ہوا کریگی۔

چونکہ ۹۸ روپیہ کے عوض سو روپیہ کا نوٹ جسکی آمدنی سالانہ ۳ ½ ہے ہوا کریگا اسلیے ۹۸ روپیہ پر ۳ ½ سالانہ آمدنی ہوگی۔

پس ۹۸ : ۱۷۵۰۰ :: ۳ ½ : $\frac{\text{۶۲۵ + ۳۵۰۰}}{\text{۴ × ۱۷۵۰۰}}$ = ۶۲۵ سالانہ آمدنی۔
۹۸ × ۲
۴

مثال ۲

جب ۳ سیکڑے والے نوٹ بقیمت ۹۴ ¼ فیصدی بکتے ہین تو اُسوقت اُنکے خریدنے سے ہمکو اپنے روپیہ پر کیا سود فیصدی سالانہ حاصل ہوگا۔

۹۴ ¼ : ۱۰۰ :: ۳ : $\frac{\text{۸ × ۳ × ۱۰۰}}{\text{۲۵۳}}$ = $\frac{\text{۸۰۰}}{\text{۲۵۳}}$

= ۳ روپیہ ۱۲ آنہ ۹ پائی = $\frac{\text{۲۹}}{\text{۲۵۳}}$

مثال ۳

۳ ½ سیکڑے کے سودی نوٹ بقیمت ۹۹ ½ فی صدی فروخت ہوتے ہین تو ۲۱۰۰ روپیہ سال کی آمدنی ہو جانے کے واسطے کسقدر روپیہ کے نوٹ مذکور خرید کیے جاوینگے

بہت بڑا کارخانہ تقرر کرنے مین دقت اور مشکل ہی اور جب بہت سے آدمی شریک ہو جاتے ہین تو روپیہ بھی بقدر ضرورت جلد جمع ہو جاتا ہی اور اُسکی جوکھون اور مشکلین بھی شرکا پر تقسیم ہو جاتی ہین۔

پرامیسری نوٹ جنکا ہندوستان مین زیادہ رواج ہی پہلے پہل اُس روپیہ کے عوض حاصل ہوتے ہین جو بہ نیت حصول سود سرکاری خزانون مین اُسوقت داخل کیا جاتا ہی جسوقت کہ ازروے اشتہار جاریۂ سرکار دولت مدار بہ تعین شرح سود اندر میعاد مقررہ روپیہ لینے کا حکم ہو جاتا ہی ان نوٹون کے سود کی شرح بھی مثل دیگر کارخانون کے اسٹاک کے مختلف ہوتی ہی مثلاً بعض لوگون کے سود کی شرح ۳ رفیصدی سالانہ اور بعض کی ۳½ رفیصدی سالانہ اور بعض کی ۴ رہ اور بعض کی ۴½ رہ۔

اگرچہ اہل ہند آپس مین سود ماہواری لیتے ہین مگر ان نوٹون اور دیگر اسٹاک کی شرح سود ہمیشہ سالانہ مقرر ہوتی ہی۔

اور چونکہ یہ نوٹ سرکار سے ہمیشہ نہین مل سکتے ہین یعنی سرکار سے اُسی وقت مل سکتے ہین جب سرکار کو روپیہ قرض لینا منظور ہوتا ہی اور انکا روپیہ بھی سرکار سے ہر وقت واپس نہین ملتا ہی اسواسطے ان نوٹون کی خرید و فروخت اُنکے مالکون اور خریدارون کے درمیان اکثر ہوا کرتی ہی اور شرح قیمت موجب نرخ بازار ہمیشہ بدلتی رہتی ہی اور بحساب فیصدی شمار کیجاتی ہی مثلاً

۳ رفیصدی کے سودی نوٹ کبھی ۹۰ سیکڑا بکتے ہین اور کبھی ۹۵ سیکڑا اور کبھی کم و بیش اور کبھی ۱۰۰ رسیکڑے سالانہ کے سودی نوٹ ۹۰ فیصدی کے حساب سے فروخت ہوتے ہین اور کبھی ۹۵ اور کبھی ۱۰۰ کے حساب سے بکتے ہین یعنی جو تعداد نوٹ کی سَو روپیہ ہی تو اُسکے ۹۰ روپے دیے جاوین اور کبھی برابر بکتے ہین یعنی سَو روپیہ کا نوٹ سَو روپیہ کو اور ۴ رسیکڑا سالانہ کے سودی نوٹ اکثر زیادہ قیمت پر بکتے ہین مثلاً ایک سَو پانچ روپیہ فیصدی اور ایک سو چار روپیہ فیصدی یعنی سَو روپیہ کا نوٹ ایک سو پانچ خواہ ایک سو چار کو آتا ہی۔

گاڑی کا کرایہ فی جوڑی ۱۰ اپائی پہلا اور دستوری وغیرہ بالائی خرچ مین فیصدی ۱۰ خرچ ہوا تو بعد دینے کل اخراجات کے فیصدی کیا منافع ہوا۔

(۳۰) جو گھڑی فیصدی ۱۰ نفع سے فروخت کیا چاہتے ہین اُسکی اصل قیمت مع نفع مین فیصدی ۱۰ کا نقصان اُٹھا کر اُسے ۱۸۰ کو بیچڈالا تو اصل قیمت مع نفع سے کتنی کم قیمت پڑیگی۔

اسٹاک اور کمپنیون کے حصص کے بیان مین

جو روپیہ کہ کسی گورنمنٹ یعنی سرکار کو بشرح سود معینہ سرکار موصوف قرض دیا جاتا ہی اُسکو اسٹاک کہتے ہین یا اگر اسی طور پر کسی کمپنی تاجران کو یا کسی بنک کی کمپنی یا کسی دیگر کارخانہ کی کمپنی کو بشرح سود مقررہ کمپنی مذکور قرض دیا جاوے تو ایسے قرضے کو بھی اسٹاک کہتے ہین۔

واضح ہو کہ جب کسی قسم کی تجارت یا کسی کارخانہ کے اجرا کے واسطے بہت سے لوگ شریک ہو کر کوئی کمپنی قائم کرتے ہین یعنی اپنا گروہ مقرر کرتے ہین تو حساب کی آسانی کے واسطے ایک حصہ کی تعداد مقرر کر لیجاتی ہی مثلاً سَو روپیہ یا پانچ سَو یا ہزار وغیرہ اور پھر ہر ایک شریک کو یہ اختیار ہوتا ہی کہ جسقدر حصون سے وہ شریک ہونا چاہے اُتنے حصون کا روپیہ دیکر شریک کمپنی یعنی گروہ مذکور ہو۔

مثلاً ایک حصہ کی تعداد سو روپیہ مقرر کی گئی تو جو شخص سَو روپیہ سے کمپنی مذکور مین شریک ہوگا وہ کمپنی مذکور کے ایک حصہ کا مالک متصور ہوگا اور جو دو سَو روپیہ داخل کر کے کمپنی مذکور مین شریک ہوگا وہ دو حصون کا مالک قرار دیا جاویگا اور علیٰ ہذا القیاس۔

اور جب سال یا ششماہی کے بعد کمپنی مذکور کے نفع و نقصان کا حساب کیا جاویگا تو ہر ایک حصہ دار اپنے حصون کے موافق نفع و نقصان کا مستحق ہوگا اور اِن شراکت کی کمپنیان مقرر کرنے سے فائدہ یہ ہی کہ ایک آدمی کے سرمایہ سے

(۱۹) اگر ایک جنس ۱۳ر۵ پائی کی آدھ سیر آتی ہو اور اُسپر فیصدی بیس روپیہ نفع لیا جاوے تو آدھ سیر کے دام بتاؤ۔

(۲۰) اگر فی آنہ ۴ پائی نفع لیا جاوے تو فیصدی کیا نفع ہوگا۔

(۲۱) اگر فی روپیہ ۰۳ر نفع حاصل ہو تو فیصدی کیا نفع ہوگا۔

(۲۲) اگر ایک آنہ ۴ پائی کا آدھ سیر تمباکو خرید کر کے ۱ر۸ پائی کو فروخت کریں تو فیصدی کیا نفع ہوگا۔

(۲۳) ۴ پائی کی ایک جنس آدھ سیر مول لی اور وہ جنس ۱۵ر۴ پائی کی ایک من ۱۶ سیر فروخت کی تو فیصدی کیا منافع ہوا۔

(۲۴) کچھ کپڑا ۱۰۷ر گز کے حساب سے مول لیا مگر اب بوجہ ضرورت فیصدی ۱۰ر نقصان اُٹھا کر فروخت کرنا چاہے تو فی گز کیا دام ہوئے۔

(۲۵) ۱۳ر۲ پائی کا تمباکو ۲ من ۳۲ سیر خریدا اگر اُسکو فیصدی بارہ روپیہ نفع سے بیچیں تو فی سیر کیا نفع ملیگا۔

(۲۶) اگر کپڑے کو فی گز ۱ر قیمت پر بیچیں تو فیصدی ۱۰ منافع ہوتا ہے اگر اُسی کپڑے کو فی گز ساڑھے آٹھ آنہ قیمت پر بیچیں تو کیا سیکڑا نفع ہوگا۔

(۲۷) ۲۸ تھان بحساب فی تھان ۱۰ر قیمت پر خریدے اُنمیں سے ۱۰ تھان بحساب فی تھان ۱۲ر قیمت پر اور ۸ تھان بحساب ۹ر قیمت پر بیچے اب باقی تھانوں کو ایسی قیمت پر بیچا چاہتے ہیں جس سے کل اصل قیمت تھانوں پر ۱۰ سیکڑا نفع ہو۔

(۲۸) ایک شخص نے ایک من چانول فی سیر ۲ر۲ پائی قیمت پر خریدے مگر اُنمیں سے ۱ سیر چانول خراب ہو گئے اب چاہتے ہیں کہ زر خرید پر فیصدی ۱۰ نفع لیکر چانولوں کو بیچ ڈالیں تو فی سیر کیا دام لگانا چاہیے۔

(۲۹) بنارس سے چند جوڑے موزے کے بقیمت ۳ر۲ ۴ پائی فی جوڑ خریدے اُنکو آگرے میں بقیمت فی جوڑ ۴ر۲ ۹ پائی کے بیچے مگر مال کے لانے میں

فیصدی کا بیمہ ہوگیا یعنی درصورت تلف ہوجانے جہاز مذکور کے اُسکی مالیت
مین سے ۱۰۰ر فیصدی بیمہ والون سے مل سکتے ہین تو جو شخص اُس جہاز کے
۱/۱۶ حصہ کا مالک ہو اُسکو کیا نقصان پڑیگا جبکہ جہاز تباہ ہوجاوے۔

(۱۰) ایک کتاب کی ۲۵۰۰ جلدین چھپوانے کی کیا لاگت ہوگی جبکہ کتاب مذکور ۱۲۵۰ کی
فی جلد فروخت کی گئی اور فروخت کا خرچ کُل قیمت پر ۱۰ فی صدی ہوا
اور مصنف کا نفع ۱۸۸۷ روپیہ ہے۔

(۱۱) اگر ۱۰۰ر ۱۰ اپائی فی من سپاری بیچنے سے ۵ر روپیہ فیصدی نفع ہو
تو بتاؤ کہ ۱۰۰ر فی سیر فروخت کرنے سے کیا نفع فیصدی ہوگا۔

(۱۲) ۴۳۶ گز کپڑا ۱۸۵۳ روپیہ کو بیچا تو ۸ر روپیہ فیصدی نفع ہوا اگر ۷ر روپیہ فیصدی
منافع لیتے تو کتنے گز بیچتے۔

(۱۳) ایک شخص نے ۱۵۰ ریم کاغذ مول لیا اور یہ خیال کیا کہ جب یہ کاغذ ۱۰ فی ریم
بیچا جاویگا تو ۲۵ فیصدی نفع ہوگا لیکن ۱۵ ریم کاغذ خراب ہوگیا اور مابقی
اُسی شرح سے فروخت ہوا تو بتاؤ کہ فیصدی کیا نفع یا نقصان ہوا۔

(۱۴) ایک شخص نے ماہ ۷ ساگودانہ ۹ر ۵/۳۲ پائی فی من خرید کیا اور ۸ر پائی فی سیر
فروخت کیا تو بتاؤ کہ اُسکو نفع ہوا یا نقصان اور کسقدر۔

(۱۵) ۹ر ۱/۵ پائی فی من کے حساب سے منقے بیچے اور اُنکو ۱۲ر ۳/۲۷ پائی
فی من کے حساب خریدا تھا تو بتاؤ کہ کیا فی صدی نفع ہوا۔

(۱۶) ایک کتاب فروش نے ایک کتاب ۲۲۰ روپیہ کو مول لی تو ۱۰ فیصدی نفع
اُٹھانے کے واسطے کس قیمت پر اُسکو فروخت کرے۔

(۱۷) ۳۶ گز بانات ۱۲۵۵ روپیہ کو خرید کی تو ۱۰ فیصدی منافع حاصل کرنے کے لیے
کس قیمت پر بیچنا چاہیے۔

(۱۸) ۱۰۰ر فی گز کپڑا خرید کیا اور پھر اُسکو بیچ کر ۵ر فیصدی نقصان ہوا تو بتاؤ
کس قیمت پر فروخت کیا۔

(۴۰ × ۶½) − (۴۰ × ۴) = ۲۶۰ − ۱۶۰ = ۱۰۰ سیر بقیہ شکر۔

۱۰۰ : ۱۲۵ :: ۹۵ : $\frac{۱۲۵ \times ۹۵}{۱۰۰} = \frac{۴۷۵}{۴} = ۱۱۸\frac{۳}{۴}$ روپیہ اصل مع نفع۔

$۱۱۸\frac{۳}{۴} - ۶۰ = ۵۸\frac{۳}{۴} = \frac{۲۳۵}{۴}$ روپیہ

∴ ۱۰۰ سیر : ۱ سیر :: $\frac{۲۳۵}{۴}$: $\frac{۲۳۵}{۱۰۰ \times ۴}$ روپیہ $= \frac{۴۷}{۲۰}$ روپیہ $\times ۱۶ = \frac{۴۷}{۵} \times ۱۶ = ۴۷ \times ۳\frac{۲}{۵} = ۱۵۴\frac{۹}{۱۰}$ آنہ

سوالات نمبر ۴۱

(۱) اگر ۱۲ سیر فی سیر الائچی خریدی جاوین تو ۱۶ روپیہ فیصدی نفع اُٹھانے کے لیے کس شرح سے بیچی جاوین۔

(۲) اگر ۱۲½ پائی سیر لونگین خریدی جاوین اور ۲۴ سیر فروخت کیجاوین تو فیصدی کیا نفع ہوگا۔

(۳) ۴۰ سیر فی پاؤ شکر بیچنے سے ۵ فیصدی نقصان پڑا تو اُسکی اصلی قیمت کیا تھی۔

(۴) اگر ۷½ پائی فی من کتھا خریدا جاوے اور ۱۲½ پائی من بیچا جاوے تو کیا سیکڑا نفع ہوگا۔

(۵) اگر انار ولایتی ۱۰ سیر ۱۲½ پائی فی من خریدے جاوین اور ۱۴ سیر فی من فروخت ہون تو فیصدی کیا نفع ہوگا۔

(۶) اگر ۴۰۹۶ گرنجل بحساب فی گز ۹½ پائی خریدی جاوے اور کل ۸ آنہ ۶ پائی کو فروخت کیجاوے تو کل کسقدر منافع ہوگا اور فیصدی کیا نفع ہوگا۔

(۷) اگر زربفت ۱۱۰ فی گز کے حساب فروخت کرنے سے ۵ کا نقصان ہوا تو کل کی اصلی قیمت کیا تھی اور فیصدی کیا نقصان ہوا۔

(۸) ۱۲ اور ۲۴½ پائی اور ۶ سیر کی چاے مول لیکر بوزن مساوی ملائی جاوے اور ملی ہوئی چاے بحساب ۱۰½ پائی فی من فروخت کیجاوے تو فیصدی کیا نفع ہوگا۔

(۹) ایک جہاز کی مالیت ۹۹۰۰۰ روپیہ کی ہو اور اُسکی مالیت مین سے ۴

تو اُسنے اپنے حصے بحساب فی حصہ سالانہ ۱۲½ بیچ ڈالے تو بتاؤ اُس شخص کو فیصدی کیا فائدہ ہوا۔

جسوقت یہ حصے خرید کیے گئے تھے اُسوقت تک کمپنی کو فی حصہ ۵ روپے وصول ہو چکے تھے اور جب اُسنے اپنے حصے دوسرے کے ہاتھ فروخت کیے ہین اُسوقت تک کمپنی کو فی حصہ ۸ روپے وصول ہو چکے ہین پس اول مشتری کو پیشتر فی حصہ ۵ روپے دینا پڑا اور ۸ فی حصہ اور دینا پڑا یعنی کل خرچ فی حصہ ۱۳ روپے ہوا اور اُسنے سالانہ ۱۲½ فی حصہ مشتری دوم کے ہاتھ فروخت کیا اسلیے

(۱۲½ − ۲۴½) − ۲۹۵ − ۱۲½ − ۲۹½ کل منافع۔

پس ۲۹۵ : ۱۰۰ :: ۲۹½ = $\frac{59}{2}$

$\frac{100 \times 59}{295 \times 2}$ = ۱۰ روپیہ فیصدی نفع۔

مثال دہم

ایک چیز ۱۰ فیصد کو بیچنے سے ۱۲½ فیصدی نفع ہوتا ہے تو اُسکی اصلی قیمت بتاؤ۔

چونکہ ۱۰ فیصد سیکڑا اُسوقت نفع ہوگا جب ۱۰۰ روپیہ کی چیز ۱۲۰ روپیہ کو بیچین۔ اسلیے ۱۲۰ کو ۱۰۰ روپیہ سے وہ نسبت ہوگی جو ۲۴ کو جواب سے۔

یعنی ۱۲۰ : ۱۰۰ :: ۲۴ : $\frac{100 \times 24}{120}$ = ۲۰ × ۱ = ۲۰ روپیہ اصلی قیمت

مثال یازدہم

ایک حلوائی نے ۳ من شکر بحساب ۴ رُپی سیر خریدی اور ۲ من شکر ۷ رُپیہ کی خریدی اور ½ ۱ من ۸ رُپی سیر مول لیکر سب کو ملا دیا اور بنی ہوئی شکر مین سے ۴ من شکر کو بحساب ۶ رُپی سیر بیچ ڈالا۔ اب باقی کو کس حساب سے بیچنے کہتے سیر بیچے کہ کل جمع مین ۲۰ فیصدی نفع ہو۔

۳ من بحساب ۴ رُپی سیر = ۳۰ روپیہ کل قیمت

۲ من بحساب ۷ رُپی سیر = ۳۵

½ ۱ من بحساب ۸ رُپی سیر = $\frac{80}{2}$

۱۰۰ − ۱۵ = ۸۵

۱۰۰ : ۱۷ :: ۲۰ آنہ : ۳۴ − ۸ روپیہ

۱۷
۲۵۹
۳۶

۸ − ۸

۸ − ۴۳۶) ۲۰

۱۴ − ۳۱ روپیہ جواب

مثال ہفتم

اگر ۱۲۵ گز کپڑا − ۹۵۰ روپیہ کو بیچنے سے پانچ روپیہ فیصدی نفع ملے تو اصلی قیمت اُس کپڑے کی فی گز کیا ہوگی۔

اگر یہ کپڑا − ۱۰۵ روپیہ کو بکتا تو اصلی قیمت ۱۰۰ روپیہ ہوتے اور جس قیمت پر بیچا گیا ہے وہ $\frac{950}{125}$ روپیہ فی گز ہوئی − تو اِسکا اربعہ حسب ذیل ہوا۔

۱۰۵ : ۱۰۰ :: $\frac{950}{125}$: $\frac{100}{105} \times \frac{950}{125} = \frac{4}{21} \times \frac{38}{1} = \frac{152}{21} = 7\frac{5}{21}$ − ۷ روپیہ ۵ آنہ

مثال ہشتم

اگر اطلس پہر فی گز فروخت کرنے سے ۴ فیصدی کا نقصان ہو تو دس روپیہ فیصدی نفع اُٹھانے کے لیے کس شرح سے بیچنا چاہیے۔

۹۶ : ۱۱۰ :: ۱ روپیہ − ۱ آنہ : $1\frac{1}{8}$

۹۶ : ۱۱۰ :: $\frac{1}{8}$: $\frac{110}{96} \times \frac{1}{8} = \frac{55}{48}$ − ۱ روپیہ ۹ آنہ ۲ پائی

مثال نہم

ایک شخص نے پیپرل کمپنی کے حصے بحساب فی حصہ ۱۰۰ روپیہ خرید کیے اُسوقت تک کمپنی مذکور کو ۵۰ فی حصہ ادا ہو چکا تھا اور جب کمپنی مذکور کو ۲۵ فی حصہ ادا ہو گیا

یا

روپیہ آنہ پ
۶ — ۱۰ — ۸
۵ — ۸
نفع ۱ — ۲ — ۸

روپیہ آنہ :: ۱۰۰ :: پ آنہ روپیہ : ۱۰۰ × ۷ × ۱۱ / ۲ × ۱۱ = ۳۲۰۰ / ۳۲ = ۴ پ ۸/۱۱ = ۴ — ۱۲ — ۲۱ نفع فیصدی

۱/۲ ۵ = ۱۱/۲ : ۱۴/۷ :: ۱۰۰ :

مثال سوم

اگر ۱۲ سیر قند کی قیمت ۱ روپیہ ۸ آنہ ہین اگر اُسکو فی من ۱۰ روپیہ فروخت کرین تو کل کتنا نفع ہوا۔

(۸ آنہ — ۱۳۱ روپیہ) × ۴۲ = ۰ — ۸ آنہ — ۱۳۲ روپیہ ۲۳ اصلی قیمت مع نفع

۰ — ۸ — ۱۱۲۲ اصلی قیمت

۰ — ۸ — ۲۰۰ تعداد نفع

مثال چہارم

ایک گڈی کاغذ ۱۲ روپیہ کو خریدکیا تو بیس روپیہ فیصدی نفع اُٹھانے کے واسطے اُسکو کس حساب سے فروخت کرین۔

۱۰۰ : ۱۲۰ :: ۱۲ آنہ — ۱۰ روپیہ : (۱۲ آنہ — ۱۰ روپیہ) × ۶ × ۱۲۰ / ۱۰۰ = ۸ آنہ — ۱۴ روپیہ / ۵ = ۴ پ ۴/۵ = ۴ — ۱۲ — ۱۴ جواب

مثال پنجم

اگر فی روپیہ ۲½ من بھوسہ خریدین تو ۱۰ سیکڑا نقصان اُٹھاکر کس نرخ سے فروخت کیا جاویگا۔

چونکہ ۱۰۰ — ۲۰ = ۸۰

۸۰ : ۱۰۰ :: ۲½ من : ۵/۲ × ۱۰۰/۸۰ = ۲۵/۸ = ۳¼ = ۳ سیر ۴ چھٹانک جواب

مثال ششم

اگر ۱۰ روپیہ فی من گھی خریدکیا تو ۱۰ فیصدی نقصان دیکر کس نرخ سے فروخت کرین۔

۷ ۷ دن بعد

۸ ۸ دن بعد

بقیہ ۱۰ دن بعد

(۲۹) ایک قرضدار نے اپنے کل قرضہ کے ادائی کا وعدہ ۸ مہینہ کیا ہی مگر اُسنے نصف قرضہ ۴ مہینے بعد ادا کر دیا اور ثلث قرضہ تین مہینے بعد تو بتاؤ کہ باقی کب ادا کرے۔

نفع ونقصان

ایسے سوالات جو نفع ونقصان سے متعلق ہین بذریعۂ قاعدۂ اربعہ متناسبہ حل ہو سکتے ہین چنانچہ امثلہ مندرجۂ ذیل سے جنکے حل کا عمل بطور نمونہ نیچے لکھا گیا ہی طریقہ نکالنے سوالات مذکور کا بخوبی واضح ہو جاویگا۔

مثال اول

اگر ایک جنس ۱۳ آنہ پائی کی آدھ سیر آتی ہو اور اُسپر فیصدی ۵ نفع لیا جاوے تو آدھ سیر کے کیا دام ہونگے۔

۱۰۰ : ۱۰۵ :: ۱۳ آنہ — ۵ پ

۱۳ آنہ ۵ پ

۱۶ ۱۲

۸۰۵

۴ ۲۰۱ ۴/۱۲

۱۲

۱۶-۹ ۱/۴ آنہ یعنی ایک روپیہ ۲ پائی

مثال دوم

اگر چاے فی سیر ۱۰ روپیہ مول لیجاوے اور ۸ آنہ پائی فی سیر بیچی جاوے تو فیصد کیا نفع ہوگا

۸ آنہ — ۵ روپیہ ۸ پ — ۱۰ آنہ — ۶ روپیہ :: ۱۰۰

۵ ۱/۲ : ۶ ۲/۳ :: ۳/۲ : ۱۰۰ = ۱۰۰ × ۲۰ × ۲ / ۳ × ۱۱ = ۴۰۰۰ / ۳۳ = ۴ ۸/۱۱ پ — ۴ آنہ — ۳ روپیہ ۱۲۱

۱۰۰

۴ ۸/۱۱ — ۳ — ۲۱ نفع فیصدی

اور باقی ۸ مہینے بعد مگر زمیندار چاہتا ہو کہ کل زرلگان یکمشت وصول ہو تو بتاؤ کہ کاشتکار کتنے مہینے کے بعد کل روپیہ ادا کردے تاکہ کسی کا نقصان نہو۔

(۲۱) ایک قرضدار کو اپنا قرضہ اسطور پر ادا کرنا ہو کہ ۱/۴ ۶ ماہ کے بعد اور ۱/۴ ۹ مہینے بعد اور ۱/۲ ۳۰ روپیہ ۱۲ مہینے بعد مگر مہاجن یکمشت روپیہ چاہتا ہو تو کتنے مہینے کے بعد ادا کیا جاوے۔

(۲۲) ۲۰۰ روپیہ عمر کے بکر کو ۶ مہینے بعد ادا کرنے تھے منجملہ اُسکے ۲۵ و ۷۰ روپیہ ڈیڑھ مہینے کے بعد ادا کیے اور ۱۰۵ و ۸۰ روپیہ دو مہینے کے بعد دیے تو بتاؤ کہ باقی کب ادا کرے۔

(۲۳) ایک شخص نے ۱/۴ ایک مہینے کے وعدۂ ادائی پر قرض لیے لیکن ۱/۵ ۶ پائی دس روز کے بعد ادا کیے اور ۱/۴ ۴ و ۶ پائی ۱۲ یوم کے بعد ادا کیے تو بتاؤ کہ باقی کب ادا کرے۔

(۲۴) ایک بنک کے قرضہ کی تین قسطین اسطور پر مقرر ہوئین کہ آنہ ۸ — ۲۷۵۲ روپیہ دو مہینے بعد ادا کیے جاوین اور ۳۴۲۸ روپیہ ۵ مہینے بعد اور ۲۳۷۵ روپیہ سات مہینے بعد۔ ایک ایسا وقت بتاؤ کہ یکمشت ادا کرنے سے نقصان نہو۔

(۲۵) مساوی وقت ادا کرنے کا بتاؤ جب کہ ۳۵ روپیہ ۳ مہینے بعد اور ۴۰ روپیہ ۵ مہینے بعد اور ۲۵ روپیہ ۱۰ مہینے بعد واجب الادا ہین۔

(۲۶) مساوی وقت ادا کرنے کا بتلاؤ جبکہ تین سو تین ۳ مہینے بعد اور چار سو چار مہینے بعد اور ۵ سو ۵ مہینے بعد واجب الادا ہین۔

(۲۷) ایک شخص کو کل اپنا روپیہ ۱۲ برس کے بعد ادا کرنا تھا لیکن اُس شخص نے آنہ ۹ — ۱۴۸۴ روپیہ ۸ مہینے کے بعد ادا کر دیے اور آنہ ۵ — ۸۰۰ روپیہ ۲۰ مہینے کے بعد اور آنہ ۸ — ۵۰۰ روپیہ جو باقی رہگئے ہین وہ اب کب ادا کرے۔

(۲۸) ۹۵ روپیہ بتفصیل ذیل واجب الادا ہین تو اُنکے یکمشت ادا کرنے کا وقت دریافت کرو۔

اور ۷۰۰ روپیہ ۹ مہینے کے بعد مگر عمر کہتا ہی کہ میرا کل روپیہ یکمشت ادا کرو تو ایسا وقت دریافت کرو کہ جسپر روپیہ ادا کرنے سے کسیکو نقصان نہو۔

(۱۳) عمر کو بکر کا اسطرح پر قرضہ ادا کرنا ہی کہ ۴۷۵ روپیہ ۳ مہینے بعد اور ۳۷-۸ آنہ ۴ روپیہ ۶ مہینے بعد اور ۱۲۶۷ روپیہ ۹ مہینے بعد اور ۸-۸ آنہ ۱۹۶ روپیہ ۱۲ بارہ مہینے کے بعد مگر بکر یکمشت روپیہ مانگتا ہی تو بتاؤ ایک ایسا وقت کہ کل روپیہ ادا کرنے مین طرفین سے کسی کا نقصان نہو۔

(۱۴) ۵۰۰ روپیہ ۴ مہینے اور ۷۰۰ روپیہ دس مہینے کے بعد واجب الادا تھے اُنکے یکمشت ادا ہونے کا ایک وقت بتاؤ۔

(۱۵) ایک مہاجن کے ۱۴۰ روپیہ ۴½ مہینے کے بعد ادا کرنے تھے لیکن اُسنے ۳ مہینے بعد اور ۶ مہینے کے بعد ادا کر دیے تو بتاؤ کہ باقی کب ادا کرے۔

(۱۶) ۱۰۵ روپیہ کے ادا ہونے کا ایک ایسا وقت بتاؤ کہ جسمین کسی کا کچھ نقصان نہو۔ جبکہ ⅓ حصہ ۳ مہینے بعد اور ⅖ حصہ ۴ مہینے کے بعد اور باقی ۶ مہینے کے بعد ادا کرنا تھا۔

(۱۷) ۸ آنہ-۵ روپیہ دو مہینے کے بعد اور ۱۰۵ روپیہ ۵ مہینے کے بعد اور ۱۳۵ روپیہ ۷ مہینے کے بعد ادا کرنے تھے اگر وہ سب روپیہ یکمشت بیباق کیے جاوین تو کب تاکہ کسی کا کچھ نقصان نہو۔

(۱۸) زید نے بکر سے یکم مارچ کو ۲۳ روپیہ قرض لیے اور وعدہ یہ کیا کہ ۷ روپیہ ۲۰-اپریل کو دونگا اور ۶ روپیہ ۱۴ مئی کو اور بقیہ ۱۹ روپیہ ۱۴-جون کو بیباق کرونگا تو ایک وقت بتاؤ کہ جسپر کل روپیہ ادا کرنے سے کچھ نقصان نہو۔

(۱۹) عمر نے زید سے دو ہزار روپیہ ایک سال کے وعدہ پر قرض لیے مگر ۴ مہینے بعد ادا کر دیے اور ۵ مہینے بعد دیدیے تو باقی روپیہ کب ادا کرے۔

(۲۰) ایک کاشتکار ۱۰ لگہ زمین ایک گانون مین بشرح فی بیگھہ ۳ روپیہ لگان کے جوتے ہوئے ہی اور ہر لگان دو قسطون مین ادا ہوتا ہی آدھا روپیہ ۴ مہینے

(۶) زید نے دس ہزار روپیہ بشرح سود فیصدی دو روپیہ ماہواری قرض لیا اور اُسکے سالانہ سود کے ادا کی ۳ قسطین اسطرح مقرر ہوئین کہ آدھا سود تین مہینے بعد تاریخ واجب الادا اور ¼ سود ۴ مہینے بعد اور باقی سود ۸ مہینے بعد ادا کرونگا اگر وہ سود ایک ہی دفعہ ادا کیا جاوے تو کتنے مہینے بعد ادا کرے۔

(۷) زید نے بکر سے ۲۴۰ روپیہ اِس شرط پر قرض لیے کہ سَو روپیہ ۴ مہینے بعد اور ۹۰ روپیہ ۶ مہینے بعد اور باقی ۷ مہینے بعد ادا کرونگا اگر ایک ہی ساتھ کل روپیہ ادا کرے تو کتنے دنون کے بعد ادا کرے۔

(۸) ایک شخص کو ایک مہاجن کے ۵۰۰ روپیہ ۶ مہینے کے بعد ادا کرنے تھے لیکن اُسنے ۲۷۵ روپیہ ¼ ۲ مہینے کے بعد ادا کر دیے اور ۱۰۰ روپیہ ۳ مہینے کے بعد دیدیے تو بتاؤ باقی روپیہ کب ادا کرے۔

(۹) زید نے ایک گانوُن کا ٹھیکہ ۲۵۰۰ روپیہ سالانہ پر لیا اور یہ شرط ہوئی کہ سال تمام پر زر ٹھیکہ ادا کیا جاوے مگر مالک گانوُن یہ چاہتا ہی کہ ایک قسط ۵۰۰ روپیہ کی ۳ مہینے کے بعد اور دوسری قسط ۱۵۰۰ روپیہ کی ۸ مہینے کے بعد ادا ہو تو بتاؤ کہ باقی ماندہ روپیہ ٹھیکہ دار کے مہینے کے بعد ادا کرے کہ ٹھیکہ دار خواہ مالک کا کچھ نقصان نہو۔

(۱۰) ایک شخص کو ۳۵۰ روپیہ ایک مہاجن کے اسطور پر ادا کرنے ہین کہ ۵۰ روپیہ ۳ مہینے بعد اور ½ ۴ مہینے بعد اور ⅓ ۶ مہینے بعد اور باقی روپیہ ۱۲ مہینے کے بعد مگر اب اُسکا قصد ہی کہ کُل یکمشت ادا کرے تو بتاؤ کہ کتنے مہینون کے بعد ادا کرے۔

(۱۱) زید نے ایک مہاجن سے ۶۰۰ روپیہ قرض لیے اور وعدہ یہ ہوا کہ ۲۵۰ روپیہ ۴ مہینے کے بعد ادا کرونگا اور باقی روپیہ ۶ مہینے کے بعد بیباق کرونگا مگر مہاجن کہتا ہی کہ کُل روپیہ مجکو یکمشت ادا کرو تو کتنے عرصے کے بعد وہ کُل روپیہ ادا کرے کہ کسی کو کچھ نقصان نہو۔

(۱۲) زید پر عمر کا قرضہ حسب شرائط ذیل واجب الادا ہی کہ ۳۰۰۰ ہزار روپیہ ۵ مہینے بعد

کب ادا کرے کہ داین اور مدیون کیسکو نقصان نہ پہونچے۔

عمل

۳۰۰ × ۳ + ۳۰۰ × ۴ + ۵۰۰ × شہور مطلوبہ = ۱۰۰۰ × ۹

۵۰۰ × شہور مطلوبہ = ۹۰۰۰ − ۱۷۰۰

شہور مطلوبہ = $\frac{۷۳۰۰}{۵۰۰}$ = $\frac{۷۳}{۵}$

= ۱۴ ماہ $\frac{۳}{۵}$

= ۱۴ ماہ ۱۸ یوم

جواب

سوالات مشق نمبر ۴۰

(۱) مبلغ ۵۰۰ $\frac{۱}{۴}$ ۴ مہینے بعد عمر کو زید کے دینے ہین اور مبلغ ۱۰۰۰ $\frac{۱}{۲}$ ۳ مہینے بعد اور مبلغ ۵۰۰ $\frac{۱}{۲}$ ۵ مہینے بعد دینے ہین تو کل روپیون کے ادا کرنے کا ایک وقت بتلاؤ۔

(۲) زید کو عمر کے ۲۴۰ روپیہ ۶ مہینے بعد دینے ہین مگر زید نے ۶۰ روپیہ $\frac{۱}{۲}$ ۲ مہینے بعد ادا کر دیے اور ۸۰ روپیہ $\frac{۱}{۲}$ ۴ مہینے بعد تو باقی روپیون کو عمر زید سے ۶ مہینے کے کتنے دنون بعد لیوگا۔

(۳) ایک شخص کو قرضہ اسطرح ادا کرنا ہی کہ قرض کا $\frac{۱}{۴}$ حصہ دو مہینے بعد اور $\frac{۱}{۸}$ حصہ ۳ مہینے بعد اور $\frac{۱}{۲}$ حصہ ۴ مہینے بعد اور $\frac{۱}{۸}$ حصہ ۵ مہینے بعد اور باقی ۷ مہینے بعد ادا کرنا ہی تو کل قرضہ کے ادا کرنے کا ایک وقت بتاؤ۔

(۴) عمر ۹ مہینے بعد ۱۰۰ روپیہ $\frac{۱}{۲}$ ۱ برس بعد ۵۰۰ روپیہ دینے کا اقرار کرتا ہی مگر جو وہ کل روپیہ ایک وقت مین دینا چاہے تو کتنے دن بعد دیوے۔

(۵) ایک قرضدار نے ۱۰۰۰ روپیہ کی قسط اسطرح پر کردی کہ آدھے روپیہ ۸ مہینے بعد دونگا اور تیسرے حصے کے روپیہ ۱۲ مہینے بعد اور باقی $\frac{۱}{۲}$ ۱ برس بعد ادا کرونگا اب وہ کل زر قرضہ ایک ہی وقت مین کتنے عرصے کے بعد دے سکتا ہی تاکہ طرفین سے کسیکو نقصان نہو۔

(۲۸) ۱۹۰۰ کا سود مرکب ½ ۱ برس مین بحساب ۱۲½ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۲۹) ۵۰۰ کا سود مرکب ۲ برس مین بحساب ۴ " "

(۳۰) ۲۵۰۰ روپیہ کا سود مرکب ½ ۲ برس مین بحساب ۴ " "

متفرق المیعاد قرضون کے ادا کرنے کا ایک وقت دریافت کرنا

جب ایک شخص کے ذمہ کئی قرضے ہون اور ہر ایک قرضے کے ادا کی میعاد جدا جدا ہو جس قاعدہ سے ہم وہ وقت دریافت کر سکین کہ جسپر سب قرضے ہم یکمشت ادا کرین تو اُسکو قاعدہ دریافت وقت ادائے دیون متفرق المیعاد کہتے ہین۔

قاعدہ

ہر ایک زر قرضہ کو اُسکی میعاد سے ضرب دو اور پھر ان سب کے حاصل ضربون کو جمع کرو اور حاصل جمع کو قرضون کے حاصل جمع سے تقسیم کرو خارج قسمت وہ ایک وقت ہوگا جسپر کل قرضے بدون نقصان داین و مدیون کے یکمشت ادا ہو سکتے ہین۔

مثال ۱

عمر کو زید کے ۱۹۰ روپیہ اسطرح ادا کرنے ہین کہ ۵۰ روپیہ ۶ مہینے بعد اور ۶۰ روپیہ ۷ مہینے بعد اور ۸۰ روپیہ ۱۰ مہینے بعد تو ایک ایسا وقت دریافت کرو جسمین کل روپیہ ادا کرنے سے داین و مدیون کسیکو نقصان نہو۔

عمل

۵۰ × ۶ = ۳۰۰

۶۰ × ۷ = ۴۲۰

۸۰ × ۱۰ = ۸۰۰

۱۹۰ ۱۵۲۰ (۸

۸ مہینہ جواب

مثال ۲

زید کو عمر کے ایک ہزار روپیہ نو مہینے کی میعاد پر ادا کرنے ہین لیکن اُسمین سے ۳۰۰ روپیہ تین مہینے کے بعد اور ۲۰۰ روپیہ چار مہینے کے بعد دیدیے تو بتاؤ کہ باقی

فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۱۷) سود مرکب اور کل زر ۲۲۵۰ کا ۳ برس کے واسطے بحساب ۴½ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۱۸) سود مرکب اور کل زر ۳۳۳ روپے ۳ آنے ۵ پائی کا ۴ برس کے واسطے بحساب ۱۲½ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۱۹) سود مرکب اور کل زر ۱۰۲۰۱ روپے ۸ آنے کا ۲½ برس کے واسطے بحساب ۸½ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۲۰) سود مرکب اور کل زر اکیس ہزار روپیہ کا ۳½ برس کے واسطے بحساب ۴ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۲۱) اگر ۸۸۰۰ روپیہ ۲ برس کے واسطے بحساب ۵ فیصدی سالانہ سود مفرد اور سود مرکب پر دیے جاوین تو دونون صورتون کے کل زر کی تعداد مین کیا فرق ہوگا۔

(۲۲) اگر ۸ آنے ۱۲ روپے ۳ آنے ۴ پائی تین برس کے واسطے بحساب ۵ فیصدی سالانہ سود مفرد اور سود مرکب پر دیے جاوین تو دونون صورتون کے کل زر کی تعداد مین کیا فرق ہوگا۔

(۲۳) اگر سود فیصدی سال پانچ روپیہ ہو تو اعام ۱۰ روپے ۴ پائی ۴ برس بعد سود مرکب کے حساب سے کتنے ہو جاوینگے۔

(۲۴) ماہیے پر چار برس مین فیصدی ۴ روپیہ کی شرح سے کتنا سود مرکب ہوگا۔

(۲۵) اگر سود کی سال فیصدی ۵ پر ہو تو روپیہ کی تعداد سود در سود کے حساب سے ۹ سال کے بعد کیا ہوگی۔

(۲۶) ماہیے پر ۲½ برس مین کتنا سود مرکب ہوگا جبکہ سود سالانہ فیصدی ۴½ روپیہ ہو اور ۶ ماہ میعاد مقرر ادائے زر سود کی ہو۔

(۲۷) دس ہزار روپیہ کا سود مرکب ۴ سال مین بحساب ۵ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۴) ۰-۰-۴ روپیہ ۴۰۰ پر سود مرکب ۲ برس کا بحساب ۵ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۵) ۰-۰-۰-۰ روپیہ ۱۸۰۰ پر " ۴ برس کا بحساب ۵ فیصدی " "

(۶) ۰-۰-۰-۰ روپیہ ۳۰۶۰۰ پر " ۳½ برس کا بحساب ۵ فیصدی " "

(۷) اگر ایک لاکھ روپیہ ۵ برس کے واسطے بحساب ۵ فیصدی سالانہ سود مفرد پر دیا جاوے اور اسیقدر زر اصل اُسی میعاد کے واسطے اور اُسی شرح سے سود مرکب پر دیا جاوے تو دونون صورتون مین جو زر اصل مع سود واجب ہونگے انمین کیا فرق ہوگا۔

(۸) ۰-۰-۱۵-۲۷۲۶ کا ۴ برس مین بحساب ۵ فیصدی سالانہ سود مرکب کسقدر روپیہ ہوگا۔

(۹) ۴ آنہ-۵ آنہ-۸ روپیہ ۹۵۸ کا ۲ برس مین بحساب ۵ فیصدی سالانہ سود مرکب کسقدر اصل مع سود ہوا۔

(۱۰) پانچ سو روپیہ کا ۳ برس مین بحساب ۵ فیصدی سالانہ سود مرکب کسقدر اصل مع سود ہوا۔

(۱۱) ۸ آنہ-۱۰ آنہ-۱۶ روپیہ ۱۶ دو برس کے واسطے بحساب ۵ فیصدی سالانہ سود مفرد اور سود مرکب پر دیے جاوین تو دونون صورتون کے زر واجب الادا مین کیا فرق ہوگا۔

(۱۲) اگر ۶ آنہ-۵ آنہ-۲ روپیہ ۳۵۲ تین برس کے واسطے بحساب ۵ فیصدی سالانہ سود مفرد اور سود مرکب پر دیے جاوین تو دونون صورتون مین کل زر کی ہر دو تعداد مین کیا فرق ہوگا۔

(۱۳) ۲۲۵۰ روپیہ پر تین برس بحساب ۴½ فیصدی سالانہ کسقدر سود مرکب ہوگا۔

(۱۴) ۳۰۰۰ روپیہ پر تین برس کے واسطے بحساب ۲½ فیصدی سالانہ کسقدر سود مرکب ہوگا۔

(۱۵) سود مرکب اور کل زر ۸ آنہ-۵ آنہ-۳۳۳ روپیہ ۱۳۳۳ کا دو سال کے واسطے بحساب فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۱۶) سود مرکب اور کل زر ۲۵ روپیہ ۱۵ کا ۳ برس کے واسطے بحساب چار روپیہ

قاعدہ

اگر وقت معینہ سال یا مہینہ وغیرہ ہو تو اُس وقت مقررہ کا سود اُسکے آخر پر اصل مین جمع کردو حاصل جمع سال یا ماہ آیندہ کے واسطے زر اصل ہو جاویگا اور یہی عمل جاری رکھو جب تک کہ کل تعداد زر اصل آخری کی دریافت ہو جاوے۔

مثال

۲۸۰۰ روپیہ پر سود مرکب ۳½ برس کا بحساب ۵ روپیہ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

عمل

زر اصل	۰ آنہ — ۰ پائی — ۲۸۰۰ روپیہ		
سود سال اول	۱۴۰ — ۰ — ۰	۱/۲۰	= ۵/۱۰۰
زر اصل بعد یکسال	۲۹۴۰ — ۰ — ۰		
سود سال دوم	۱۴۷ — ۰ — ۰	۱/۲۰	= ۵/۱۰۰
زر اصل بعد دو سال	۳۰۸۷ — ۰ — ۰		
سود سال سوم	۱۵۴ — ۵ — ۷ 1/5	۱/۲۰	= ۵/۱۰۰
زر اصل بعد سہ سال	۳۲۴۱ — ۵ — ۷ 1/5		
سود نصف سال	۸۱ — ۰ — ۶ 12/25	۱/۴۰	= ۵/۱۰۰ کا ½
	۳۳۲۲ — ۶ — ۱ 17/25		
	۲۸۰۰ — ۰ — ۰		
تعداد سود ۳½ سال	۵۲۲ — ۶ — ۱ 17/25		

سوالات مشق نمبر ۳۹

(۱) ۲۷۲۰ روپیہ پر سود مرکب ۲½ برس کا بحساب ۴ روپیہ فیصدی سالانہ دریافت کرو۔

(۲) ۳۰۵۰ روپیہ پر " ۲½ برس کا بحساب ۴ آنہ فی روپیہ " "

(۳) ۲۰۰۰ روپیہ پر " ۳ برس کا بحساب ۵ پائی فی روپیہ " "

(۴۱) ۴½ — ۴½ — ۱۱۶ روپیہ مین کتنے پونڈ و شلنگ و پنس ہونگے جبکہ نرخ دو شلنگ ½۱ پنی فی روپیہ ہو۔

(۴۲) اگر ایک قلی کی مزدوری للہ ۵ فی ماہ ہووے تو ۱۷ قلیون کی مزدوری ایک سال مین کیا ہوگی۔

(۴۳) اگر ۱۲ اشیاء کی قیمت ۴ ۷ ۶ پائی ہو تو ۱۶ اشیا کی کیا ہوگی۔

(۴۴) اگر ۸ کی قیمت ۱ ۵ ہو تو ½۱ کی کیا ہوگی۔

(۴۵) اگر ۲۲ کی قیمت للہ ۳ ۲ ۲ پائی ہو تو ½۵ اشیا کی کیا ہوگی۔

(۴۶) اگر ۶ کی قیمت ۵ ۴ ۴ پائی ہو تو ½۳ کی کیا ہوگی۔

(۴۷) اگر ½۷ کی قیمت للہ ۵ ۴ ہو تو ۵ کی کیا ہوگی۔

(۴۸) اگر ½۱۰ کی قیمت ۵ ۴ ۷ پائی ہو تو ۷ کی کیا ہوگی۔

(۴۹) اگر ½۳ کی قیمت ۵ ۴ ۶ پائی ہو تو ۵ کی کیا ہوگی۔

(۵۰) اگر ½۶ کی قیمت ۵ ۴ پائی ہو تو ½۱ کی کیا ہوگی۔

سود

سود کی تعریف ارتھمیٹک حصۂ دوم مین ہو چکی ہے اور سود دو قسم کا ہوتا ہے یعنی مفرد و مرکب۔

چنانچہ سود مفرد کا بیان حصۂ دوم مین ہو چکا ہے اب یہان صرف سود مرکب یا سود در سود کا بیان کیا جاتا ہے۔

سود مرکب یا سود در سود اُسکو کہتے ہین کہ جب بعد انقضاے وقت معینہ کے جو خواہ سال یا ششماہی یا ماہ وغیرہ ہو جو سود زر اصل کے اوپر واجب ہوے اُسکو زر اصل مین شامل کرکے آیندہ سے سود وقت معینہ مذکور تک مجموعۂ زر اصل و سود پر لگایا جاوے اور پھر بھی بعد گذرنے میعاد مذکور کے زر سود زر اصل پر شامل ہوا کرے اور مجموعۂ زر اصل و سود پر سود لگایا جاوے۔ اور یہی عمل جاری رہے جب تک کہ کل قرضہ ادا نہو جاوے۔

(۱۸) ۶۳۶ء۷ کی قیمت بحساب فی شے ۱۲ر۲ پائی دریافت کرو۔
(۱۹) ۸۰۹ کی 〃 بحساب فی شے ۱۲/۱۱ر 〃
(۲۰) ۴۰۲ کی 〃 بحساب فی شے ۸/۳ر 〃
(۲۱) ۳۰۷۲ کی 〃 بحساب فی شے ۴/۳ر۲ پائی 〃
(۲۲) ۱۹۶ کی 〃 بحساب فی شے ۱۲/۱۱ر۲ پائی 〃
(۲۳) ۱۲۰۴ کی 〃 بحساب فی شے ۴/۳ر۱ آنا پائی 〃
(۲۴) ۸۰۰ کی 〃 بحساب فی شے ۵/۴ر 〃
(۲۵) ۲۷۸ ۱/۲ کی 〃 بحساب فی شے ۴/۳ر۸ پائی 〃
(۲۶) ۸۸۲ ۳/۴ کی 〃 بحساب فی شے ۹/۸ر۱ پائی 〃
(۲۷) ۱۱۵۰ ۳/۴ کی 〃 بحساب فی شے ۱۶/۱۵ر۲ 〃
(۲۸) ۱۰۳۲ ۱/۸ کی 〃 بحساب فی شے ۳/۲ر۳ پائی 〃
(۲۹) ۱۱۲۸ ۱/۴ کی 〃 بحساب فی شے ۱۵/۱۴ر۱۱ پائی 〃
(۳۰) ۱۶۰ ۱/۱۱ کی 〃 بحساب فی شے ۵/۴ر۲ پائی 〃
(۳۱) ۴۰۲۶ ۱/۱۲ کی 〃 بحساب فی شے ۱۵/۱۴ر 〃
(۳۲) ۸۰۷ ۱/۲ کی 〃 بحساب فی شے ۱/۱ر 〃
(۳۳) ۷ گز ۲ فیٹ ۸ انچ کی قیمت بحساب فی گز ۱۲/۱۱ر 〃
(۳۴) ۱۲ گز ۲ فیٹ ۴ انچ کی قیمت بحساب فی گز ۱۲/۱۱ر 〃
(۳۵) ۱۴ گز ایک فٹ ۹ انچ کی قیمت بحساب فی گز ۸/۳ر 〃
(۳۶) ۳ گز ۲ فیٹ ۴ انچ کی قیمت بحساب فی گز ۴/۳ر 〃
(۳۷) ۴۲۷۸ر۶۴۳ کی قیمت بحساب فی شے ۲ر۸ پائی 〃
(۳۸) ۲۲ر۶ کی قیمت بحساب فی شے ۵ر۱ پائی 〃
(۳۹) ۳۱۷ر۳۶ کی قیمت بحساب فی شے ۱۲ر۲ پائی 〃
(۴۰) ۴۱۹ر۲۵ کی قیمت بحساب فی شے ۱۵/۱۴ر پائی 〃

(۴۶) ۱۳۹ ۳/۴ کی قیمت بشرح فی جنس ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ دریافت کرو۔
(۴۷) اگر قیمت فی من ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ ہو تو ۸ من ۱/۲ ۴ سیر کی قیمت بتاؤ۔
(۴۸) اگر قیمت فی من ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ ہو تو ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ کی قیمت بتاؤ۔
(۴۹) اگر قیمت فی من ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ ہو تو ۱/۲ ۱ سیر ۔ ۳ من کی کیا قیمت ہوگی۔
(۵۰) ۲۲ گز ۲ فیٹ ۲ ۔ انچ کی قیمت بحساب فی گز ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ دریافت کرو۔

سوالات مشق نمبر ۳۸

(۱) ۱۳ گز ایک فٹ ۷ ۔ انچ کی قیمت بحساب ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ فی فٹ دریافت کرو۔
(۲) ۳۷ ۔ ایکڑ ۱ ۔ روڈ ۲۸ پول کا لگان بحساب ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ فی ایکڑ بتاؤ۔
(۳) ۱۹ پول ۳ ۔ روڈ ۱۷ ۔ ایکڑ کا لگان بحساب ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ فی ایکڑ بتاؤ۔
(۴) ۱۲ پول ۳ ۔ روڈ ۱۱ ۔ ایکڑ کا لگان بحساب ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ فی ایکڑ بتاؤ۔
(۵) ۵ مہینہ ۳ ہفتہ ۴ دن کی تنخواہ بحساب ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ فی ہفتہ دریافت کرو۔
(۶) ۷ مہینہ ۲ ہفتہ ۵ دن کی تنخواہ بحساب ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ فی ماہ دریافت کرو۔
(۷) ۹ مہینہ ایک ہفتہ ۶ دن کی تنخواہ بحساب ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ فی ہفتہ بتاؤ۔
(۸) ۶ مہینہ ۳ ہفتہ ۲ دن کی تنخواہ بحساب ۱۰ر ۱۲ر ۱۴ فی ماہ بتاؤ۔
(۹) ۳۲۶ کی قیمت بحساب فی شمار ۱ر دریافت کرو۔
(۱۰) ۴۲۷ ۔ اشیا کی قیمت بحساب فی شمار ۳ پائی دریافت کرو۔
(۱۱) ۵۰۲۶ کی 〃 بحساب فی شمار ۴ پائی 〃
(۱۲) ۲۰۷۴ کی 〃 بحساب فی شمار ۲ر ۸ پائی 〃
(۱۳) ۴۲۷ کی 〃 بحساب فی شمار ۵ر ۴ پائی 〃
(۱۴) ۴۹۸ کی 〃 بحساب فی شمار ۸ر ۸ پائی 〃
(۱۵) ۷۲۴ کی 〃 بحساب فی شمار ۱۰ر ۸ پائی 〃
(۱۶) ۹۴۲ کی 〃 بحساب فی شمار ۱۲ر 〃
(۱۷) ۱۰۲۶ کی 〃 بحساب فی شمار ۱۴ر 〃

(۲۳) ۲۶۴۳ کی قیمت بشرح فی جنس ۲ر دریافت کرو۔
(۲۴) ۸۷۲ کی قیمت بشرح فی جنس ۸ر ״
(۲۵) ۳۷۲ کی قیمت بشرح فی جنس ۱۱ر ״
(۲۶) ۵۲۷۱ کی قیمت بشرح فی جنس ۱۴ر ״
(۲۷) ۳۲۹ کی قیمت بشرح فی جنس ۲ر ۸ پائی ״
(۲۸) ۷۶۵ کی قیمت بشرح فی جنس ۴ر ۹ پائی ״
(۲۹) ۱۵۰۷ کی قیمت بشرح فی جنس ۱ر ۴ پائی ״
(۳۰) ۲۷۱۰ کی قیمت بشرح فی جنس ۲ر ״
(۳۱) ۳۱۵۰ کی قیمت بشرح فی جنس ۲ر ۸ پائی ״
(۳۲) ۴۱۱۷ کی قیمت بشرح فی جنس ۱ر ״
(۳۳) ۲۷۱۰ کی قیمت بشرح فی جنس ۵ر ۴ پائی ״
(۳۴) ۲۴۴ کی قیمت بشرح فی جنس ۴ر ½ ۸ پائی ״
(۳۵) ۸۷۵ کی قیمت بشرح فی جنس ۱ر ¾ ۴ پائی ״
(۳۶) ۷۵۵۴ کی قیمت بشرح فی جنس ۳ر ½ ۵ پائی ״
(۳۷) ۳۷۱۵ کی قیمت بشرح فی جنس ۹ر ½ ۴ پائی ״
(۳۸) ۲۵۷۲ کی قیمت بشرح فی جنس ۱۳ر ½ ۷ پائی ״
(۳۹) اگر قیمت فی جنس ۲½ر ½ ۲ پائی ہو تو ۴۲۸ کی کیا قیمت ہوگی۔
(۴۰) ۱۳۷ کی قیمت بشرح فی جنس ۱¾ر ۵ آنہ ۳ پائی بتاؤ۔
(۴۱) ۹۴۷ کی قیمت بشرح فی جنس ½ ۱۰ر ۵ آنہ ۵ پائی ״
(۴۲) ۴۵۷ کی قیمت بشرح فی جنس ½ ۹ر ۹ آنہ ۱۸ پائی دریافت کرو۔
(۴۳) ¾ ۲۳۴ کی قیمت بشرح فی جنس ۴ر ۸ پائی ״
(۴۴) ½ ۲۱۳ کی قیمت بشرح فی جنس ۲ر ۶ پائی ״
(۴۵) ½ ۳۷۹ کی قیمت بشرح فی جنس ۱۳ر ۹ پائی ״

سوالات مشق نمبر ۳۲

(۱) اگر ایک چیز کی قیمت ۳/۴ پائی ہو تو ۵۰۱۲ کی کیا قیمت ہوگی۔

(۲) ۳۴۵۶ کی قیمت بحساب فی جنس ۱/۴ پائی دریافت کرو۔

(۳) ۳۴۷ کی قیمت بحساب فی جنس ۱/۲ پائی "

(۴) ۸۴۶ کی قیمت بحساب فی جنس ۳/۴ پائی "

(۵) ۸۱۰ کی قیمت بحساب فی جنس ۳/۴ پائی "

(۶) ۱۷۲۸ کی قیمت بحساب فی جنس ۳ پائی "

(۷) ۴۳۷ کی قیمت بشرح فی جنس ایک پائی "

(۸) ۳۵۲ کی قیمت بشرح فی جنس ۱/۲ پائی "

(۹) ۵۲۷۵ کی قیمت بشرح فی جنس ۲ پائی "

(۱۰) ۱۷۷۶ کی قیمت بشرح فی جنس ۳ پائی "

(۱۱) ۶۷۷۱ کی قیمت بشرح فی جنس ۴ پائی "

(۱۲) ۸۹۹ کی قیمت بشرح فی جنس ۶ پائی "

(۱۳) ۸۷۶ کی قیمت بشرح فی جنس ۸۱/۲ پائی "

(۱۴) ۳۷۲ کی قیمت بشرح فی جنس ۱۳/۴ پائی "

(۱۵) ۳۲۵ کی قیمت بشرح فی جنس ۲۱/۲ پائی "

(۱۶) ۸۲۷ کی قیمت بشرح فی جنس ۴۱/۲ پائی "

(۱۷) ۲۷۰۰ کی قیمت بشرح فی جنس ۷۱/۲ پائی "

(۱۸) ۲۱۵۰ کی قیمت بشرح فی جنس ۹۳/۴ پائی "

(۱۹) ۱۷۲۰ کی قیمت بشرح فی جنس ۱۱۱/۲ پائی "

(۲۰) ۲۴۳ کی قیمت بشرح فی جنس ۴ آنہ "

(۲۱) ۳۲۷۱ کی قیمت بشرح فی جنس ۵ آنہ "

(۲۲) ۲۷۵۷ کی قیمت بشرح فی جنس ۱ آنہ "

مثال ہشتم

۲۳۹ پونڈ مین بحساب فی روپیہ دو شلنگ کتنے پونڈ شلنگ وغیرہ ہونگے۔

	پنس	شلنگ	پونڈ
۴ر = ½ ۲ شلنگ کے		۰	۲
	۲۳		
		۰	۶ ۲ پونڈ
۲ر = ¼ چار آنہ کے	۶		
۲ پائی = ½۲ دو آنہ کے	۳		
	½	شلنگ	پونڈ
	½	۹	۶ ۲ جواب

مثال نہم

اگر ۱۶ گز کپڑے کی قیمت ۴ر ۸ پائی ہو تو ۴ گز کی کیا قیمت ہوگی۔

عمل

اسلیے ۸ گز = ½ سولہ گز۔	½	۸	۴ آنہ	۴۸ روپیہ
اور ۴ گز = ½ آٹھ گز۔		۴	۲	۲۴
اور ۲ گز = ½ چار گز کے		۲	۹	۱۲
		۱	۱۲	۶
		۱	۸	۶۸ جواب

یا

قیمت ۱۶ گز	=	½	۸	۴ آنہ ۴۸ روپیہ
پس قیمت ۴ گز = ½ ۱۶ گز کے			۷	۱۲ ۹
اور قیمت ۴ گز = ۲ × ۷			۷	
		۱	۸	۶۸ جواب

یا ۸۳۷ کی قیمت بحساب فی شے ۹ر۴ پائی دریافت کرو۔

عمل ۵ر۴ پائی = ½ روپیہ

	روپیہ	آنہ	پائی
	۸۳۷	۰	۰
اور ۴ر = ½ روپیہ کے	۲۰۹	۴	۰
	۲۷۹	۰	۰
	۲۰۹	۴	۰
جواب	۴۸۸	۴	۰

مثال پنجم

۵۹۲ کی قیمت بحساب فی شے ۱۰ر۸ پائی دریافت کرو۔

عمل چونکہ ۸ر = ½ روپیہ کے

	روپیہ	آنہ	پائی
	۵۹۲	۰	۰
اور ۲ر = ¼ ۸ر کے	۲۹۶	۰	۰
اور ۹۸ = ½ ۲ر کے	۷۴	۰	۰
	۲۴	۱۰	۸
جواب	۳۹۴	۱۰	۸

یا ۵ر۴ پائی = ½ روپیہ کے

	روپیہ	آنہ	پائی
	۵۹۲	۰	۰
اور ۵ر۴ پائی = ½ روپیہ کے	۱۹۷	۵	۴
	۱۹۷	۵	۷
جواب	۳۹۴	۱۰	۸

مثال ششم

½ ۳۰۷۲ کی قیمت بحساب فی شے ۵ر۴ پائی دریافت کرو۔

عمل بحساب دو روپیہ فی شے ½ ۳۰۷۲ کی قیمت =

	روپیہ	آنہ	پائی
	۶۱۴۵	۰	۰
اور ۴ر = ½ دو روپیہ کی	۶۸	۲	۰
اور ۱ر = ¼ چار آنہ کی	۱۹۲	۰	۶
اور ۲ پائی = ½ ایک آنہ کی	۹۶	۰	۳
جواب	۷۲۰۱	۲	۹

مثال ہفتم

ایک پلہ ۳ من ۵ سیر، اچھٹاک کی قیمت بحساب فی من ۴½ پائی دریافت کرو۔

عمل چونکہ پلہ ۳ من کا ہوتا ہے اور ۵ سیر = ½ من

۴ من جوڑے تو ۷ من ہوئے

	روپیہ	آنہ	پائی
	۷		
	۱۵	۱۵	۶
۱۰ اچھٹاک = ½ ۵ سیر کے	۴		
	۶		
جواب	۱۶	۴	۷

مثال دوم

۳۶۷۸ کی قیمت بحساب فی شے ۳ر ۲ھ ۲ پائی دریافت کرو۔

عمل

	ھ	آنہ	روپیہ
بحساب فی شے ایک روپیہ	۰	۰	۳۶۷۸
۲ر = ½ روپیہ کے	۰	۰	۳۶۷۸
۱ر = ½ دو آنہ کے	۰	۱۲	۴۵۹
۲ھ = ½ ایک آنہ کے	۰	۱۴	۲۲۹
	۰	۱۰	۷۶
	۰	۴	۴۴۴۴

جواب

مثال سوم

۵۳۸۷ کی قیمت بحساب فی شے ۴ر دریافت کرو۔

عمل

	ھ	آنہ	روپیہ
بحساب فی شے ایک روپیہ	۰	۰	۵۳۸۷
۴ر = ¼ ایک روپیہ	۰	۰	۵۳۸۷
۲ر = ½ ایک روپیہ کے	۰	۱۲	۱۳۴۶
۱ر = ½ ۲ر کے	۰	۶	۶۷۳
	۰	۳	۳۳۶
	۰	۲	۲۲۴
	۰	۴	۶۹۸۶

جواب

مثال چہارم

۸۳۷ کی قیمت بحساب فی شے ۸ر ۹ھ پائی دریافت کرو۔

عمل

	ھ	آنہ	روپیہ
چونکہ ۸ر = ½ روپیہ کے	۰	۸	۸۳۷
اور ۱ر = ½ ۸ر کے	۰	۸	۴۱۸
	۰	۵	۵۲
اور ۹ھ = ½ ایک آنہ کے	۰	۶	۱۷
	۰	۴	۴۸۸

روپیہ

جواب

تتمۂ ارتھمیٹک حصۂ سوم

حساب تجارت

حساب تجارت اُسکو کہتے ہین جسکے ذریعہ سے بہت سی چیزون کی قیمت آسانی اور جلدی سے دریافت ہوسکے جب اُنمین سے ایک کی قیمت معلوم ہو۔

چونکہ اِسکے عمل مین مقسوم علیہ کامل کی زیادہ ضرورت پڑتی ہی اسلیے طلبہ کو پہلے اُسکا سمجھنا ضرور ہی۔

ایک عدد دوسرے عدد کا مقسوم علیہ کامل ہوتا ہی جبکہ پہلا عدد دوسرے کو پورا پورا تقسیم کردیتا ہی مثلاً ۲ر ایک روپیہ یعنی ۱۶-آنے کا مقسوم علیہ کامل ہی اور ایک آنہ ۴ر کا اور ۴ پائی ایک آنہ کا مقسوم علیہ کامل ہی۔

بہتر ہوگا کہ اِس حساب کے جملہ قواعد امثلہ کے ذریعہ سے واضح کردیے جاوین تاکہ بیان مین طوالت نہو۔

مثال اول

اگر ایک شی کی قیمت ۶ر۵ پائی ہو تو ۶۴۵-اشیا کی کیا قیمت ہوگی۔

عمل

اگر قیمت فی شی ایک روپیہ ہوتی تو کُل قیمت ۶۴۷ روپیہ ہوتی اب چونکہ چار آنہ ایک روپیہ کا مقسوم علیہ کامل ہی اِسواسطے پہلے عمل بحساب ۴ر فی شی شروع کیا۔

		روپیہ	آنہ	پائی
۴ر = ¼ روپیہ		۶۴۷	۰	۰
۱ر = ¼ ۴ر کے		۱۶۱	۱۲	۰
۴پ = ¼ ایک آنہ		۴۰	۷	۰
		۲۰	۳	۶
	جواب	۲۲۲	۶	۶

(۹) ۱۰۵۶۳۴۸۱۷۲۹۹۸۱۱۰۴۲ (۱۰) ۱۹۵۳۸۶۸۵۰۸

(۱۱) ۳۶۱۵۰۹۰۴ (۱۲) ۴۷۵۳۲۳۶۲۷۱۲۵۵۰۵۳

(۱۳) ۳۶۵۸۵۹۸۷۳۱۳۰۱۷۰۱۰۴ (۱۴) ۳۰۲۵۰۷۸۷۳۱

(۱۵) ۲۱۰۵۸۵ (۱۶) ۵۴۳۱۱۳۴۵۲۰۲۵۶۳۴۳۷۵

(۱۷) ۱۰۲۳۱۵۳۷۴۸۳۹۳۰۲۱۱۲۰۲۹۴۸۴۶۵۶۶۵

(۱۸) وغیرہ ۷۶۳۶۳۱۵۶۷۶۱۲۱۰۷۶۵۳۰ (۱۹) ۵۰۳۱۹۳۴۷۵۶۷۰۵

(۲۰) وغیرہ ۹۰۳۰۱۵۴۱۵۶۲۸۱۴۲۵۷۱۵۴

جواب سوالات متفرق نمبری ۳۶

(۱) $\frac{۱۶۱}{۲۷۲}$ (۲) ۱۸ و $\frac{۳}{۴}$ ۶ (۳) $\frac{۱۴۵}{۵۶}$ (۴) ۲۷ (۵) ۳۵۲۶۱۵۳۸۴۸۲۵

(۶) $\frac{۱}{۳۶}$ (۷) ۱۵۹۵۱۴۷۵ (۸) ۲۵۰۲۵ (۹) ۴۰۰۴ (۱۰) +

(۱۱) ۱۵۶۱۰ کڑیاں (۱۲) ۳۰ و ۱۹ (۱۳) ۶۲۶۸۷ (۱۴) $\frac{۳}{۴}$ ۸ سال

(۱۵) $\frac{۱}{۴}$ ۴ دن اور ۲۵ و ۱۰ اور ۱۲ اور ۱۹ (۱۶) ۴۸ میل (۱۷) $\frac{۲۳}{۵۴}$ ۳۳ میل

(۱۸) ۴ پرتی روپیہ (۱۹) $\frac{۱}{۴}$ ۱ (۲۰) ۳۹۵۴ میل تقریباً (۲۱) ۴۴۰۹۳۵ دن

(۲۲) ۳۲۸۳ تولی (۲۳) ۲۶ آنہ ۶ پائی (۲۴) $\frac{۴۳}{۴۹}$ ۱ (۲۵) $\frac{۱۳۷}{۸۰}$ ۱ ۲۶ ×

(۲۷) ۱۲۵ اور وغیرہ (۲۸) ایک کے پاس ۱۵ اور دوسرے کے پاس ۲۵ اور تیسرے کے پاس ۳۵

(۲۹) ۳۷۵۰ (۳۰) $\frac{۳}{۴}$ ۳ (۳۱) ۴۵ روپیہ دار ۲۵ (۳۲) ۳ روپیہ ۲ آنہ ۳ پائی

و $\frac{۵}{۱۱}$ ۵ آنہ ۴ پائی و $\frac{۳۳}{۵۴}$ ۵ آنہ ۴ پائی (۳۳) ۱۱ روپیہ ۷ آنہ ۱۰ پائی (۳۴) ۵۰۵۹ و ۱۶۶۱

و ۲۱۴۶ (۳۵) ۲۶۴۸۶ (۳۶) ۶۱۹۷۴۶۵۰۶ (۳۷) ۱۶۷۹۸۹۷۶ (۳۸)

۵۷۸۶۹۶۶۹۶۶۰۹ (۳۹) $\frac{۱}{۲}$ ۱ آنہ ۳ پائی (۴۰) ۱۶۷۳۰ (۴۱) ۱۲۲۱۴۹۵۰۱۲

(۴۲) ۳۸۸۴۵ (۴۳) ۳۰۸۶۷۰۹۷۶ (۴۴) ۵۱۱۶۵۹۴۷۵ (۴۵) $\frac{۲}{۳}$ روپیہ

(۴۶) ۲۷ انچ — ۱ — ۹ — ۱۱ — ۳ مربع فٹ مربع گز مربع میل روڈ (۴۷) ۸ آنہ — ۷ روپیہ ۴ (۴۸) ۵۸ گزدری

(۴۹) $\frac{۱}{۲}$ نارنگی (۵۰) ۲۷۵ روپیہ — ۲

(۲) ۱۱۳۰۰۱۶۹۶ر۰۰۰۱۵۶۲۵ و ۱۳۲۸۱۲۵ر ۷ و ۲۰۳۱۲۵ر

(۳) ۱۹۵۳۱۲۵ر۰۰۰ و ۹۷۶۵۶۲۵ر۰۰۰ و ۸۱۲۵ر۰۰

و ۱۳۶۷۱۸۷۵ر۰۰

(۴) ۱۷۰۵ر و ۲۱۶۰۰ر و ۳۴ر

جوابات نمبر ۳۳

(۱) ۲۷۵ر و ۵۴۳۶۲ و ۰۱۲۳۶ر

(۲) ۴۸۵۷۲۸۵۹۲ و ۵۴۰۸۰ر و ۱۳۰۶ر و ۱۵۶ر ۲۳

(۳) ۸۹۰۰ر و ۴۸۶۹۰۷۶ر ۵ و ۱۳۰۴۹۲۱۷ر و ۵۴۸۳۱۲ر

(۴) ۸۴۸۰۳۹ر و ۸۷۰۰۳۳۱۰۰ر و ۴۸۶۴۸۰۴ر و ۲۰۵۰۲۰ر

(۵) جزو اول ۷۴۶۴۱۱۷۶۴۷۲۹۴۱۱۷۶۴۷ : ۵۸۸۲۳۵۲۹۴۱۱۷۶۴۷ر

جزو دوم ۳۹۱۳۰۷۲۱۷۳۹۱۳ : ۴۳۴۷۸۲۶۰۸۶۹۵۶۵۲۱۷۳۹۱۳ر

جزو سوم ۳۹۳۱۳۷۹۳۱۷۲۴۴۱۳۷۹۳ : ۳۴۴۸۲۷۵۸۶۲۰۶۸۹۴۵۰۱۷۲۴۴۱۳۷۹۳ر

جزو چہارم ۲۹۱۲۹۱۶۴۵۱۶۱۲۹ : ۳۲۲۵۸۰۶۴۵۱۶۱۲۹ر

جوابات نمبر ۳۴

